ادارہ

تعارف وتبصرہ

تاریخ مکۃ المکرمہ ——— تالیف: محمد عبد المعبود ——— ضخامت: ۴۸۰، سائز $\frac{۲۳ \times ۳۶}{۱۶}$

کتابت وطباعت نفیس ——— قیمت: مجلد پلاسٹک کور ۳۰ روپے

ناشر: مکتبۃ الحبیب۔ پھولوں والی مسجد۔ رحمان پورہ۔ راولپنڈی

مکہ مکرمہ کا مقدس شہر جو نہ صرف کرۂ ارضی کی تخلیق کا موجب ہے۔ بلکہ کروڑوں مسلمانوں کا قبلۂ وجوہ بھی ہے جس کے ساتھ ایمانی، روحانی، مذہبی، ملی، تاریخی اور تہذیبی یادیں وابستہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس شہر کو ایسی عدیم النظیر عظمت وجلالت سے سرفراز فرمایا کہ تمام روئے زمین کے بلاد وامصار پر فضل ومجد میں گوئے سبقت لے گیا ہے۔ اس کی فقید المثال بزرگی وبرتری اس بات سے ظاہر ہے کہ رب کائنات نے اپنے جلیل القدر گھر "بیت اللہ" کے لئے اسی خشک وسنگلاخ سرزمین کو منتخب فرمایا۔ یہ بستی ایسی ذی وجاہت اور پرشکوہ ہے کہ آج تک غیر مسلم اقوام کے حملہ سے محفوظ و مامون رہی ہے۔ اگر کسی بد باطن نے اس پر حملہ آور ہونے کا عزم کیا تو وہ ابرہہ کی طرح صفحۂ ہستی سے مٹا دیا گیا۔

اگرچہ سیدنا آدم علیہ السلام نے عبادت کے لئے سب سے پہلا گھر اسی دلربا شہر میں تعمیر فرمایا تھا لیکن سیدنا ابراہیم خلیل اللہ اور سیدنا اسمٰعیل ذبیح اللہ علیہما السلام کی تعمیر نو نے اس کے شرف ومجد کو چار چاند لگا دئے۔ مزید برآں سرور کونین رحمت دارین حبیب خدا اشرف انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت نے اس کی عظمتوں، رفعتوں اور برکتوں کو اور بھی دوبالا کر دیا۔

مکہ معظمہ کے حالات واقعات پر عربی زبان میں بڑی بڑی مبسوط کتابیں موجود ہیں۔ مگر اردو زبان میں اس موضوع پر اب تک کوئی قابل ذکر کتاب دیکھنے میں نہیں آئی۔ فاضل مؤلف نے انتہائی محنت، کاوش اور عرق ریزی سے لاکھوں صفحات پر بکھرے ہوئے انمول موتیوں کو جمع فرما کر تاریخ اسلام میں ایک سنہرے باب کا اضافہ کر دیا ہے۔

موصوف نے مکہ معظمہ کی تہذیبی، تمدنی، معاشرتی، ارتقائی اور جغرافیائی مکمل تاریخ پوری شرح وبسط اور تفصیل کے ساتھ ارقام فرمائی ہے۔ علاوہ ازیں غیر مسلم مورخین جو کعبۃ اللہ اور مکہ مکرمہ پر بے بنیاد اعتراضات کرتے رہے ہیں ان کے انتہائی ٹھوس اور مدلل جوابات انہی کی کتابوں سے دئے ہیں۔ زیر نظر کتاب انتہائی جامع، مدلل اور مفصل نادر اور نایاب تاریخی دستاویزات کا قابل قدر مرقع ہے۔ جو ظاہری اور معنوی حسن وزیبائش سے مزین ہے۔

مؤلف کا یہ نقش ثانی ہے جب کہ نقش اول تاریخ المدینۃ المنورہ کو اس قدر پذیرائی نصیب ہوئی کہ تھوڑے ہی عرصہ میں دوسرا ایڈیشن بھی ختم ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس سعی کو مشکور فرمائے۔ اور عامۃ الناس کو اس سے مستفید فرمائے۔ اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری اور انتہائی مفید ہے۔ ❊